کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ عوام کی فلاح وترقی صوبائی حکومت کی ترجیح ہے اور اس مقصد کیلئے وفاق سے وابستہ صوبے کے حقوق حاصل کریں گے۔ یہ ہمارے عوام کا حق ہے جو ہم ضرور لیں گے اور عوام کی فلاح وترقی پر خرچ کریں گے صوبائی وزیر نے ایم ڈی واسا ٹیلی فونک رابطہ کیا اور واسا ملازمین کے احتجاج کا نوٹس لیتے ہوئے انہیں ملازمین کے ایڈہاک ریلیف کیلئے ہنگامی اقدامات کرنے کے احکامات جاری کئے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی میں تنخواہوں میں اضافہ ملازمین کا حق ہے جس کے لئے انہیں تمام جائز حقوق دیئے جائیں گے۔

## ہرنائی میں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، نور محمد دمڑ

### کالعدم تنظیم کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

ہرنائی (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی میں کالعدم تنظیم کے خلاف کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد طویل عرصے سے ہرنائی قومی شاہراہ پر سیکورٹی فورسز کول مائنز پر حملہ کرکے مزدوروں اور ڈرائیوروں کو نشانہ بنارہے تھے کاروائی میں دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا ہے اور پہاڑوں اور غاروں میں چھپے ہوئے مزید دہشت گردوں کے خلاف آپریشن آخری دہشت گرد کے خاتمہ تک جاری رہے گا۔

## صحت کی بہتر سہولیات کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں، بخت محمد کاکڑ

### زیر تعمیر ٹراما سنٹر سے متعلق اجلاس میں خطاب، صوبائی وزیر کا کام تیز کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے جامع عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیر تعمیر ٹراما سنٹر کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترجیح ہے کہ ہسپتالوں میں جدید طبی آلات اور سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ مریضوں کو بہتر علاج ومعالجہ کی سہولیات مل سکیں ٹراما سنٹر جیسے اہم مراکز کو جدید ترین سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے تاکہ ہنگامی حالات میں مریضوں کا فوری اور موثر علاج ممکن ہو سکے صوبائی وزیر نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت اور لگن کے بغیر صحت کے شعبے میں بہتری ممکن نہیں انہوں نے صحت کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات تک رسائی کو بہتر بنانے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں صحت کے مراکز کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے بعد ازاں صوبائی وزیر نے ٹراما سینٹر اور بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو واسکولر ڈیزیز BICVD کا تفصیلی دورہ کیا اور ہدایت کی کہ ٹراما سنٹر اور BICVD کی تعمیر کے کام کو مزید تیز کیا جائے قبل ازیں ٹراما سنٹر کے ایم ڈی ارباب کامران نے زیر تعمیر ٹراما سنٹر کی تعمیراتی پیش رفت، درکار ہیومن ریسورس (HR) اور جدید طبی آلات (equipments) کے بارے میں بریفنگ دی۔


MASHRIQ QUETTA


## عوام کی خدمت ہمارا نصب العین، حلقہ کو تمام بنیادی سہولتیں فراہم کرینگے، لیاقت لہڑی

### پانی کی فراہمی، گیس پریشر، بجلی کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، پارلیمانی سیکرٹری محکمہ ایس اینڈ جی اے

### پی بی 43 میں سردیوں سے قبل گیس پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے گا اور دیگر مسائل پر بھی خصوصی توجہ دی جائیگی، کھلی کچہری سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ حکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے، حلقہ پی بی 43 میں پانی کی فراہمی، گیس پریشر، بجلی کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، عوام اپنے مسائل منتخب نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کو بروقت بتائیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد، ایف سی کے کرنل شہزاد، میجر عبداللہ، سوئی گیس کمپنی کے چیف انجینئر محمد الطاف، واسا کے چیف انجینئر رمضان و دیگر شریک تھے

## بلوچستان کی تعمیر وترقی کیلئے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، میر سلیم کھوسو

### ترقیاتی عمل خاص کر قومی شاہراوں کی تعمیر پر فوکس کیا جارہا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ترقیاتی عمل اور خاص کر قومی شاہراوں پر توجہ دینے کیلئے صاف وشفاف پالیسی اختیار کرینگے اور جو بھی ناقص میٹریل استعمال کرینگے ان کے خلاف نہ صرف کارروائی بلکہ لائسنس بھی منسوخ کرینگے سرکاری آفیسران ہو یا ٹھیکیدار وہ قومی خزانے کو امانت سمجھ کر صحیح طریقے سے استعمال کریں تاکہ آنے والے وقت میں ان کے موثر پالیسی سامنے آسکے ایک وفد سے بات چیت .......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں شروع دن سے آج تک مصروف عمل ہے اور ترقیاتی عمل کو جاری رکھنے کیلئے تمام تر کوششوں کو بروئے کار لائیں گے وقت کا تقاضہ ہے کہ سرکاری آفیسران ہو یا ٹھیکیداران وہ ذاتی مفادات چھوڑ کر صوبے کی اجتماعی مفادات پر توجہ دیں اور ایسے کام کریں جس سے قومی خزانے کو نقصان نہیں ہو سکے بلکہ جو رقوم ہم خرچ کر رہے ہیں اس کی صحیح استعمال ہو سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی عمل اور خاص کر قومی شاہراوں پر توجہ دینے کیلئے صاف وشاف پالیسی اختیار کرینگے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 03 OCT 2024

Page No. 14

# وفاق اور صوبوں میں کرپشن کیخلاف تعاون کے معاہدہ پر دستخط

## IMF کے زیرسایہ معاہدے میں گریڈ 17 سے 22 تک کے صوبائی حکام کی ویلتھ سٹیٹمنٹس تک کمرشل بینکوں کو رسائی دینا بھی شامل

## مہنگائی میں ہماری توقعات سے زیادہ کمی آئی ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن: وزیرخزانہ، پاکستان اکنامک ڈیش بورڈ کا افتتاح

اسلام آباد (شہباز رانا، ارشاد انصاری سے) آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے صوبوں میں کرپشن کے خاتمے کیلئے تعاون کے معاہدے پر دستخط کر دیئے، آئی ایم ایف کی سرپرستی میں ہونیوالے اس معاہدے میں اعلیٰ صوبائی حکام کی ویلتھ سٹیٹمنٹس تک (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

کمرشل بینکوں کو رسائی دینا بھی شامل ہے۔ سندھ نے 30 ستمبر کی ڈیڈلائن کے ایک روز بعد سب سے آخر میں اس معاہدے پر دستخط کیے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگ زیب نے کہا کہ چاروں صوبوں نے قومی مالیاتی معاہدے پر دستخط کر دیئے ہیں، یہ ایک تاریخی پیش رفت ہے جس سے صوبائی ٹیکسیشن پالیسیوں کو وفاقی حکومت کیساتھ ہم آہنگ کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے سے نیشنل فنانس کمیشن میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ ایکسپریس ٹریبون کی رپورٹ کے مطابق سات ارب ڈالر کے نئے بیل آؤٹ پیکیج میں آئی ایم ایف نے شرط عائد کی تھی کہ وفاقی اور تمام صوبائی حکومتیں 30 ستمبر تک قومی مالیاتی پیکٹ پر دستخط کریں گی، اس کی ایک اہم شرط صوبائی اینٹی کرپشن اداروں کا نئے قائم ادارے اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کمبیٹنگ فنانسنگ آف ٹیررازم اتھارٹی اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کیساتھ تعاون کرنا ہے۔ صوبائی حکومتیں فنانشل مانیٹرنگ یونٹ، ایف بی آر اور نیب کیساتھ بھی تعاون کریں گی۔ وفاقی اور چاروں صوبائی وزرائے خزانہ نے اس شرط پر بھی دستخط کیے ہیں کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں گریڈ 17 سے 22 تک کے صوبائی افسران کی ویلتھ سٹیٹمنٹ تک بینکوں کو رسائی دینے کیلئے ریگولیشن جاری کریں گی، تاکہ اس بات کا تعین ہو سکے کہ بیوروکریٹس کے بینک بیلنس ایف بی آر میں جمع کرائی گئی ویلتھ سٹیٹمنٹ سے مطابقت رکھتے ہیں کہ نہیں۔ وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ یہ معاہدے پراپرٹی، زراعت پر انکم ٹیکس اور سروسز پر سیلز ٹیکس کیلئے ایک مشترکہ فریم ورک فراہم کرتا ہے، کچھ مالی ذمہ داریاں صوبوں کو منتقل کرنے کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے، مگر سندھ کی مزاحمت کے باعث یہ مقصد حاصل نہ ہو سکا۔

Century Express Quetta

# بی ڈی اے کمپلیکس گڈانی ادھورے منصوبے کا ٹھیکیدار غائب

## بی ڈی اے خود ٹھیکیدار بن گیا، منصوبے کے باقی ماندہ کام تکمیل میں کنسلٹنٹ کے ڈیزائن اور نقشے کے برعکس کام ہونے کا انکشاف

## کام جگاڑ فارمولے کے تحت کیا جانے لگا منصوبے میں ٹھیکیدار کو اٹھارہ کروڑ روپے کے لگ بھگ ادائیگی بھی کی جا چکی ہے

حب (نمائندہ انتخاب) بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی کمپلیکس گڈانی ادھورے منصوبے کا ٹھیکیدار غائب BDA خود ٹھیکیدار بن گیا منصوبے کے باقی ماندہ کام کی تکمیل میں کنسلٹنٹ کے ڈیزائن اور نقشے کے برعکس کام ہونے کا انکشاف کام جگاڑ فارمولے کے تحت کیا جانے لگا اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ جنوری 2018ء میں 25 کروڑ روپے کی لاگت سے گڈانی کے ساحل سمندر پر 10 ایکڑ اراضی پر محیط BDA کمپلیکس کی تعمیرات کے کام کا آغاز ہوا جو کہ تین سال میں مکمل ہونا تھا لیکن 7ویں سال کے مکمل ہونے میں بھی 2 ماہ باقی رہ گئے ہیں مذکورہ منصوبہ ابھی تک ادھورہ پڑا ہوا ہے ذرائع بتاتے بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

ہیں کہ منصوبے کے ٹھیکیدار کو 18 کروڑ روپے کی ادائیگی کی جا چکی ہے اور اسکے عوض منصوبے کا کام 60 سے 70 فیصد صرف اسٹرکچر تک مکمل ہے جبکہ ونیکو کی خریداری کے حوالے سے ایمبولینس اور فائر بریگیڈ گاڑی کی خریداری بھی باقی ہے تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ کمپلیکس کے ادھورے منصوبے کی تکمیل کا بیڑہ BDA نے اب خود اپنے کندھوں پر اٹھالیا ہے اور اپنے ہی آفیسرز کے ذریعے مکمل کرنے کی ٹھان لی ہے

تاہم ذرائع نے انکشاف کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کمپلیکس کے اسٹرکچر کے فنشنگ الیکٹرک ورک کھڑکیاں دروازے فرش ماربل کا جو کام کیا جا رہا ہے وہ کنسلٹنٹ کے دیئے گئے ڈائزئن تجویز کردہ آئٹمز وغیرہ کے برعکس ہے حالانکہ منصوبے کی لاگت کے 25 کروڑ روپے میں سے جو رقم ادا کی جا چکی ہے اُسکے مطابق ایم بی کے تحت ٹھیکیدار سے کام لیا جاتا اور جو باقی ماندہ رقم ہے اُسکے مطابق باقی کام کیا جاتا لیکن یہاں پر جگاڑ فارمولے کے تحت اُلٹی گنگا بہائی جارہی ہے ذرائع بتاتے ہیں کہ منصوبے کا وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم نے بھی معائنہ کیا تھا اور موقع پر موجود انجینئرز سے ریکارڈ طلب کیا گیا جو کہ موقع پر فراہم کرنے میں قاصر رہے ضرورت اس بات کی ہے کہ مذکورہ منصوبے کو قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے نہ صرف ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لانے کی ضرورت ہے بلکہ منصوبے کو جگاڑ فارمولے کے ذریعے مکمل کرنے کے بجائے کنسلٹنٹ کے ڈائزئن کردہ نقشے اور تجویز کردہ آئٹمز کے تحت ہی مکمل کیا جائے اور منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کے محرکات کا جائزہ لیکر شفاف تحقیقات کرائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 OCT 2024 Page No. 17

# 25 فیصد ایڈہاک الاؤنس نہ ملنے پر واسا ملازمین سراپا احتجاج ایدھی چوک پر دھرنا

**حکومت کے اعلان کے باوجود کسی کی توجہ نہیں، مسئلہ حل نہ کیا گیا تو 13 اکتوبر کو وزار چھوڑ احتجاج ہوگا، بشیر احمد رند، عارف نیچاری**

**وزراء، حکمرانوں اور بیوروکریسی کی مراعات کئی گناہ ہوگئیں، حکومت غریب عوام اور ملازمین کو خون نچوڑ رہی ہے، خان زمان**

**حقوق کی جدوجہد جاری رہے گی، رحمت زہری، عمر جنگ، واسا ہیڈ آفس سے خان زمان، معروف آزاد، عابد بٹ کی قیادت میں ریلی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ واسا کوئٹہ اور اندرون بلوچستان میونسپل اداروں کو حکومت بلوچستان کے بجٹ 2024 میں اعلان کردہ 25 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس کی عدم ادائیگی کے خلاف گزشتہ روز واسا ہیڈ آفس میں سے بلوچستان لیبر فیڈریشن واسا ایمپلائز یونین لیبر محکمہ واسا یونٹ کے زیراہتمام پر احتجاجی نکالی گئی اور کوئٹہ سول سیکرٹریٹ کے سامنے ایدھی چوک پر دھرنا دیا گیا اس موقع پر سینکڑوں .......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

مزدوروں اور ملازمین نے اپنے 100 فیصد جائز مسئلہ اور تنخواہوں میں اضافہ شدہ اڈاک ریلیف الاؤنس کے چار ماہ سے ادائیگی نہ ہونے کے خلاف شدید نعرے بازی کی احتجاجی ریلی کی قیادت بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان مرکزی چیئرمین ایچ بشیر احمد رند عارف خان نیچاری حاجی سعد اللہ۔ عبدا معروف آزاد عابد بٹ۔ سردار احمد ہمایوں خان ودیگر رہنماؤں نے کی۔ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی سول سیکرٹریٹ ایدھی چوک پہنچی جہاں مزدوروں نے دھرنا دیکر شدید نعرے بازی کی۔ اور حکومت اور وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ 25 فیصد الاؤنس واسا ملازمین اور میونسپل کمیٹیوں کو دیا جائے جلسے سے صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد رند رحمت اللہ زہری محمد عمر جنگ سردار احمد عابد بٹ عارف خان نیچاری اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔

MASHRIQ QUETTA

# ڈھاڈر نیشنل بینک میں کیش کی عدم موجودگی عوام کا شدید احتجاج

**کیش نہ ہونے کی وجہ سے ملازمین، پنشنرز اور تاجروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے**

**اے ٹی ایم بھی اکثر بند رہتی ہیں، جس کے باعث عوام کو کیش نکالنے میں مشکلات درپیش ہیں، عوامی حلقے**

بولان (اے این این) ڈھاڈر کے کاروباری اور سیاسی حلقوں نے نیشنل بینک ڈھاڈر کی انتظامیہ کی طرف سے ہر ماہ کی اس ماہ بھی کیش کی عدم موجودگی میں ناکامی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ نیشنل بینک ڈھاڈر میں بیشتر ماہ کیش نہ ہونے سے یہاں کی تمام مکتبہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے عوام نے بار بار اس حوالے سے نشاندہی کروا چکے ہیں کہ نیشنل بنک ڈھاڈر کا دائرہ کار حیثیت کو بڑھایا جائے اس کی بلڈنگ عملہ اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں ملازمین پنشنرز تاجر اور دیگر سیاسی سماجی حلقوں نے کہا کہ نیشنل بینک ڈھاڈر کا سب سے پرانا بینک ہے اس بینک میں کیش کی کمی ہر مہینے بڑھتی جارہی ہے بینک کے تنخواہ دار ملازمین پنشنرز کھاتہ داروں کو کیش نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہوتا آرہا ہے کئی بار لوگوں کی خوشیوں کو بھی ماند کیا گیا ہے پہلی تاریخ کے روز بنک میں کیش کی عدم فراہمی سے بلوچستان کے بنک کے ریجنل منیجر کی جانب سے کوئی بروقت اقدامات نہیں اٹھائے جارہے ہیں گزشتہ کئی سالوں سے نیشنل بینک ڈھاڈر کیش کی کمی کا رونا روتا آرہا ہے نیشنل بنک ڈھاڈر ملازمین پنشنرز تاجر اوراپنے کھاتہ داروں کو بھی کیش نہیں دے پارہا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 03 OCT 2024 Page No. 18


# Increasing water challenge

The crisis of sufficient water supply in Quetta city has increased to an alarming level, but no adequate attention is being drawn to it. In general, the scarcity of underground water is affecting the whole country and gradually this situation seems to be increasing towards seriousness. Reportedly, by 2025, two-thirds of Balochistan's population may not have access to water. Already the environmental and climatic changes have affected the province badly over the decades. Over pumping of underground water tables for illegal tube-wells is another threat to depleting water reservoirs: according to the Water Management Authority (WASA), there are now more than 5,000 illegal tube-wells in Quetta and its surrounding areas. Global meteorologists have been warning about rising temperatures and falling water levels for about 25 years. National planning agencies could have provided the country with abundant water storage resources during this period, but political tensions hindered it and this situation is still the same today. Quetta is one of the rain-fed areas of the country and due to its natural hilly location, there are feasibility reports of constructing several small and medium dams in its surroundings. According to reports, owing to the serious water crisis Quetta is close to becoming a ghost city where the groundwater level has gone down by more than 600 feet during the last decade. It is feared that if the situation worsens, the provincial capital may have to be shifted to another location. Before the water crisis in the entire country, including Quetta, becomes serious, the federal and provincial governments should realize the situation and prepare plans to supply clean water and implement them without delay. A report by the US National Intelligence Council (NIC) water scarcity is becoming a national security threat and a leverage to achieve terrorist objectives. The report warned that over the next 10 years, freshwater availability worldwide would not be able to keep up with demand, hindering food production, economic growth and security. The council predicted that water will increasingly be used as leverage between nations and even as a weapon to further terrorist objectives. Understanding the gravity of situation water stewardship by the successive governments should be a top priority in a province like Balochistan, where the successive governments did not pay much attention to rectify the deteriorating situation. Balochistan is already facing serious environmental issues, particularly water scarcity and drought, thus we need to come up with concrete measures, besides creating awareness about the impact of climate change. The provincial government should make earnest efforts to improve water reservoirs, construct small and medium size dams.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 03 OCT 2024 Page No. 19

P-1

# Why needs a constitutional court?

Establishment of a Constitutional Court in Pakistan is not just an institutional reform; it is a progressive step towards ensuring that the rights of all citizens are protected. It is about fostering a justice system that is inclusive, responsive, and accountable. As articulated by Bilawal Bhutto Zardari, the journey towards this goal has spanned three generations, reflecting the enduring struggle for a fair and just society. As we stand at this crossroads, let us not miss the opportunity to build a stronger, more equitable judicial system that serves everyone, regardless of their background. A Constitutional Court is indeed the need of the hour, and it promises to be a cornerstone in the quest for justice in Pakistan. In the intricate tapestry of governance, the judiciary plays a pivotal role, especially in interpreting the laws and the constitution that underpin a nation's legal framework. Addressing the Balochistan High Court Bar in Quetta, Bilawal Bhutto Zardari, Chairman of the Pakistan Peoples Party (PPP), articulated a pressing need for the establishment of a Constitutional Court in Pakistan. His remarks resonated with a sentiment echoed by many: that an independent and effective judiciary is essential for safeguarding democracy, ensuring justice, and providing a robust mechanism for constitutional interpretation. Grappling with a myriad of legal challenges and an overwhelming backlog of cases in the judiciary, the establishment of a Constitutional Court is not merely an administrative necessity; it is an urgent requirement for the welfare of the common man. The current judicial system is burdened with an overload of cases that prevent timely resolutions and create an environment where access to justice remains a distant dream for many citizens. The establishment of a dedicated Constitutional Court would alleviate this burden, allowing the regular judiciary to focus on ordinary disputes while the Constitutional Court addresses matters of constitutional interpretation and upholding the rule of law. One of the key functions of a Constitutional Court would be to offer clarity and consistency in the interpretation of the constitution. As highlighted by Zardari, only those who adhere to the constitution can truly be considered well-wishers of the country. The need to uphold constitutional fidelity cannot be overstated. Article 63A, which was designed to prevent floor-crossing and ensure party loyalty,

P-2

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 7 Dated: 03 OCT 2024 Page No. 20

exemplifies the importance of a court dedicated specifically to constitutional issues. This would not only help clarify the application of laws but also ensure that the spirit of democracy and party discipline is maintained.

The vision for a Constitutional Court presented by Zardari holds several promises that could herald a new era for Pakistan's judicial system. First and foremost, it aims to promote balance within the institutions of government. Zardari emphasized that all provinces must have equal representation in this court - a commitment to federalism that honors the diversity of Pakistan. The inclusion of voices from all corners of the country is critical, as it would ensure that the court's decisions reflect a broader societal consensus, rather than the interests of a select few. In a nation where regional disparities often lead to feelings of disenfranchisement, this approach could pave the way for a more just and equitable system. Advent of a Constitutional Court would serve to eliminate the perception of a "sacred cow" - an idea that certain individuals or institutions exist beyond accountability. Zardari's insistence on adhering strictly to the constitution underscores the need for all stakeholders, including political leaders and judges, to be held accountable under the same legal framework. A Constitutional Court could play a crucial role in this regard, by setting judicial precedents that emphasize equality before the law.

The rationale behind the establishment of such a court is also tied to the ongoing dialogue about the balance of power among the branches of government. Zardari's acknowledgment that "parliament and judiciary problems are everywhere" encapsulates a frustration that many citizens share. The tug-of-war between different branches of government often results in a stalemate that hinders effective governance. A Constitutional Court could act as a mediator in these disputes, helping to carve out a clear demarcation of powers while ensuring that constitutional safeguards are respected.

Constitutional Court could enhance the overall rule of law in Pakistan. By providing a specialized platform for constitutional issues, the court would contribute to cultivating a culture of constitutionalism in the country. When citizens see their rights being upheld and their grievances being addressed by a dedicated body, it builds trust in the judiciary and reinforces the idea that justice is not an abstract concept, but a reality that they can access.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 7

Dated 03 OCT 2024    Page No. 21

# بلوچستان دہشت گردوں کے نشانے پر

# خاتون خودکش بمبار کی گرفتاری

## بلوچوں کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے جس کا ہر صورت خاتمہ کیا جائے گا: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی



خلیل احمد

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال ہر گزرتے دن کے ساتھ بگڑتی جارہی ہے۔ دہشتگرد جب اور جہاں چاہے کوئی وار کرکے فرار ہو جاتے ہیں۔ دہشت گرد آزادانہ طور پر مزدوروں اور مسافروں سمیت عام شہریوں کو ہدف بنا رہے ہیں۔ پولیس اور لیویز فورس بھی دہشت گردوں کے نشانے پر ہے اور ایک ماہ کے دوران کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں نے بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کی متعدد وارداتوں میں پولیس اور لیویز اہلکاروں کو نشانہ بنایا۔ ابھی 26 اگست کو موسیٰ خیل، قلات، بولان، مستونگ اور کچھی میں دہشت گردوں کے حملوں میں پولیس، لیویز اور ایف سی اہلکاروں سمیت 60 افراد جاں بحق ہوئے جن میں صرف موسیٰ خیل میں پنجاب جانے والی بسوں سے 20 سے زائد مسافروں کو اتار کر شناخت کے بعد قتل کیا گیا۔ ابھی زمین پر بہایا خون خشک نہیں ہوا تھا کہ گزشتہ دنوں ضلع پنجگور کے علاقے خدابادان میں رات کے اندھیرے میں دہشت گردوں نے ایک گھر میں گھس کر وہاں رہائش پذیر مزدوروں پر اندھا دھند فائرنگ کی جس میں 7 مزدور جان سے چلے گئے اور ایک زخمی ہوا، جاں بحق اور زخمی ہونے والے تمام مزدوروں کا تعلق ملتان سے تھا جو پنجگور میں جاری ایک تعمیراتی منصوبے پر مزدوری کرتے تھے۔ اس کے دو دن بعد ضلع موسیٰ خیل میں ہی دہشت گردوں نے ایک تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ کیا اور وہاں موجود مشینری کو آگ لگا دی جبکہ وہاں موجود مزدوروں نے وہاں قریبی علاقے میں چھپ کر اپنی جانیں بچائیں۔ دوسری جانب بلوچستان میں خودکش حملے کرنے والوں کے خلاف فورسز کی ایک اہم پیش رفت بھی سامنے آئی جب تربت کے علاقے سے ایک خاتون خودکش بمبار کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ہونے والی ممکنہ خودکش حملہ آور خاتون عدیلہ بلوچ نے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند اور رکن بلوچستان اسمبلی فرح عظیم شاہ کے ہمراہ نامعلوم مقام پر پریس کانفرنس کے دوران انکشاف کیا کہ کس طرح انہیں ایک علیحدگی پسند بلوچ تنظیم نے 'ورغلا' کر اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی، تاہم سکیورٹی اداروں نے انہیں بازیاب کروا کر بچا لیا۔ عدیلہ بلوچ نے بتایا کہ انہوں نے ابتدائی تعلیم تربت میں حاصل کی اور پھر کوئٹہ بی ایم سی ایچ سے نرسنگ کا کورس کیا اور وہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ساتھ بھی ایک پروجیکٹ کر رہی ہیں۔ عدیلہ نے بتایا 'میں بدقسمتی سے ایسے لوگوں کے ساتھ رابطے میں تھی، جنہوں نے مجھے بہکایا اور میں خودکش



حملے کے لیے راضی ہو گئی یہ بھی نہیں سوچا کہ اس سے کتنے لوگوں کی جان چلی جائے گی۔ عدیلہ کے مطابق وہ تین دن پہاڑوں پر رہیں اور وہاں انہوں نے دیگر نوجوانوں کے ساتھ ایک اور خاتون بھی دیکھیں جبکہ وہاں ہر کسی کا ایک 'کوڈ نام' ہوتا تھا۔ بقول عدیلہ بلوچ خواتین اپنی مرضی سے نہیں جاتیں، انہیں ... ورغلا کر لے جایا جاتا ہے۔ مجھے اس طرح بہکایا گیا کہ مجھے کچھ سمجھ نہیں آیا اور اب میں بچ گئی ہوں، میں شکرگزار ہوں حکومت بلوچستان کی کہ میں ان کا شکار ہونے سے بچ گئی۔ اس موقع پر عدیلہ بلوچ کے والد نے کہا کہ مجھے پتہ چلا کہ میری بیٹی کو ورغلایا گیا ہے، پتہ تھا کہ جنہیں پہاڑوں پر لے جایا جاتا ہے ان کی واپسی نہیں ہوتی۔ پھر انہوں نے بیٹی کے لاپتہ ہونے پر حکومت بلوچستان سے رابطہ کیا، بروقت کارروائی کرکے میری بیٹی کو واپس لایا گیا۔ عدیلہ بلوچ اور ان کے والد کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ بلایا اور میڈیا کے سامنے پیش کیا۔ اس موقع پر میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ حکومت عام بلوچ اور نوجوانوں کو گلے لگائے گی۔ جبکہ جنہوں نے ہتھیار اٹھائے ہیں ان کے ساتھ انہی کی طرح نمٹیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عدیلہ بلوچ کو وزیراعلیٰ ہاؤس بلا کر انہیں نئی زندگی کی مبارکباد پیش کی ہے۔ قوم کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہماری بچیوں کو اپنی جان ضائع کرنے اور لوگوں کی قتل وغارت کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدیلہ بلوچ کے والد نے بروقت اقدامات کرکے قیمتی جانیں بچائی ہیں سکیورٹی ایجنسیوں نے بروقت کارروائی کرکے انہیں گرفتار کیا جتنے بھی والدین ہیں وہ اپنے بچوں کے متعلق ایسی کوئی بھی بات محسوس کریں تو وہ حکومت، فورسز، انتظامیہ کو بتائیں تاکہ قیمتی جانیں ضائع ہونے سے بچائی جا سکیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ بچے انٹرنیٹ، جھوٹے پروپگنڈا کے ذریعے ورغلائے گئے اور ریاست کے خلاف کھڑا کیا گیا بلوچ کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے۔ بلوچ فیصلہ کریں کہ آیا تعلیم یافتہ اور معاشرے کی کارآمد خاتون کو پروپگنڈا کرکے استعمال کرنا درست ہے یا انہیں پی ایچ ڈی کے لئے اسکالرشپ دیکر تعلیم یافتہ بنانا، دہشتگردوں کے کیمپوں میں جو کچھ ہو رہا ہے اس سے خدا کی پناہ جبکہ حکومت عام بلوچ بچیوں کی تعلیم کا بندوبست کر رہی ہے کالعدم تنظیمیں انہیں ڈالر حاصل کرنے کے لئے جنگ کے ایندھن کے طور پر استعمال کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پنجگور کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ دہشتگرد پہلے سکیورٹی فورسز کو نشانہ بنا رہے تھے جب وہاں پسپائی ملی تو میڈیا میں خود کو زندہ رکھنے کے لئے اب وہ سافٹ ٹارگٹ معصوم مزدوروں پر حملے کر رہے ہیں اور انہیں سوتے ہوئے شہید کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خون کی ہولی کھیل کر ایسے کیسے بلوچستان آزاد ہوگا۔ یہ بلوچوں کی کیسی خدمت ہے کہ ایک حجام کو مارا جا رہا ہے جب جنگ نائی، دھوبی پر آ گئی ہے تو ایسی جنگ ترک ہی کر دیں بلوچستان اور بلوچ کی خدمت یہ ہے کہ آپ پاکستان کے دائرہ کار میں رہ کر سیاست کریں، بچوں کو تعلیم، صحت، ترقی کے مواقع دیں۔ انہوں نے کہا کہ کیمپوں میں موجود بچوں اور بچیوں کا باہر کا راستہ منقطع کر دیا جاتا ہے تاکہ انہیں اصلیت معلوم نہ ہو سکے ریاست لوگوں کو ایک یا دو دفعہ گلے لگائے گی ریاست کو مجبور نہ کیا جائے کہ ہم وہ کام کریں کہ جس سے عام آدمی کا نقصان، بڑی تعداد میں نقل مکانی ہو ملٹری آپریشن کے اپنے نتائج ہوتے ہیں ہم نہیں چاہتے کہ یہ ہو ہم چاہتے ہیں ٹارگٹ آئی بی او ... کے انہیں ختم کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 03 OCT 2024 Page No.



صوبائی منیر نسیم الرحمان، شیر احمد خان، پاسٹر شہباز شہزاد، شیران ولیم، شہزاد کندن، اسد میو گل، جمشید صادق اور عدنان عارف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو ڈاکٹر ارباب زیر تعمیر ٹراما سینٹر کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں



پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد اسعد اور دیگر محکموں کے افسران کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



راحیلہ درانی، ماسٹر بی بی، مرحمت طوری و دیگر کو ایم ایس اصلاحات کے اجلاس شرکاء کے ہمراہ گروپ



کوئٹہ: صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے وزیر اعلیٰ انسپکشن صادق عمرانی ملاقات کر رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 03 OCT 2024 Page No.

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کو ڈائریکٹر جنرل (جی ڈی اے) شفقت شاہوانی سوینئر پیش کر رہے ہیں



گوادر: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کو ڈی جی جی ڈی اے شفقت شاہوانی سوینئر دے رہے ہیں